الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 2 نومبر 2022اسلام آباد

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ اور معزز ممبران الیکشن کمیشن، الیکشن کمیشن کی ہفت روزہ میٹنگ کی بریفنگ لے رہے ہیں

آج الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کی سربراہی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن ، سیکرٹری الیکشن کمیشن اور الیکشن کمیشن کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

اجلاس میں سیکرٹری الیکشن کمیشن نے ای وی ایم / بیرون ملک ووٹنگ (EVM/ Over Seas Voting)پر الیکشن کمیشن کی طرف سے کی گئی پیشرفت پر بریفنگ دی۔

الیکشن کمیشن نے PMUکی طرف سے اب تک کئے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا ۔ اور دفتر کو حکم دیا کہ اس پراجیکٹ میں شفافیت یقینی بنائی جائےاور فنڈز کی فراہمی کے لئے وفاقی حکومت اور وزارت خزانہ کو تحریر کیا جائے تاکہ اس پروجیکٹ پر مزید پیشرفت کی جا سکے ۔

یاد رہے الیکشن کمیشن نے پچھلے سال PMU یونٹ تشکیل دیا تھا جوکہ مذکورہ بالا پراجیکٹ / سسٹم (System)پر کام کر رہا ہے اور اپنی تجاویز اورپیشرفت کے حوالے سے کمیشن کو آگاہ کرتا رہتا ہے ۔ اس میٹنگ میں PMUکے سربراہ نے الیکشن کمیشن کو اس پر بھی بریف کیا کہ آج 2

نومبر 2022 کوالیکشن منجمیٹ سسٹم EMS کی فنانشل بڈ کھولی جا رہی ہے
۔ تاکہ اس سلسلے میں مزید کارروائی کی جاسکے ۔
اس سسٹم میں Testing , Training and Piloting شامل ہے ۔
چیف الیکشن کمشنر نے مذکورہ بالا امور کواہم قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ اس میں ووٹ کے تقدس ، رازداری اور الیکشن کی ساکھ کا خیال رکھنا انتہائی ضرور ی ہے ہمیں انتخابی عمل میں جدید Technology کو اپنانا ہوگا لیکن الیکشن کی شفافیت ، ووٹروں کی سہولت اور تمام اسٹیک ہولڈروں کے اعتماد کومدنظر رکھنا بھی الیکشن کمیشن کی ذمہ داری ہے ۔